URDU

NOTIFICATION OF TESTING
Social and Emotional Learning (SEL) Screener

عزیز والد/ والدہ اور سرپرست:

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) نے تمام طلباوطالبات کی ذہنی صحت برقراررکھنے اور سماجی و جذباتی تعلیم (SEL) حاصل کرنے میں اعانت کرنے کا عزم کررکھا ہے۔ اسکول بورڈ نے ان شعبوں میں طلباء کی مہارتوں اور تجربات کے جائزے کے لیئے، ایک اسکرینر کی منظوری دی ہے۔ FCPS کا عملہ گریڈ 3-12 کے طلباء کی خوبیوں اور ضروریات کی شناخت کے لیئے، اس اسکرینر کا استعمال کرے گا۔ یہ اسکرینر طالب علم کے تجربات اور عملے کی طرف سے ان کی ضروریات پوری کرنے سے متعلق، معلومات فراہم کرتا ہے۔

SEL کی مہارتوں میں خود شناسی، خود پر قابوپانے، سماجی آگہی، تعلقات استوار کرنے کی مہارتیں اور ذمہ دار فیصلہ سازی شامل ہے۔ اسکرینر ان مہارتوں کے ساتھ ساتھ، طالب علم کے تعلقات، یگانگت کا احساس، اپنے اسکول کے ماحول کے بارے میں احساسات اور موڈ کا جائزہ بھی لے گا۔ یہ عناصر مثبت تعلیمی، سماجی اور جذباتی کامیابی کے لیئے، اہم ہیں۔

3-12 گریڈ میں تمام طالبعلم سال میں دو مرتبہ موسم خزاں اور بہار کے موقع پر اسکرینر میں شریک ہوں گے۔ طلباء اپنی صلاحیتوں اور تجربات پرغوروفکر کریں گے اور رپورٹ کریں گے۔ اسکرینر کے اعدادوشمار صرف اساتذہ، منتظمین اور اس عملے کودستیاب ہوں گے جو قانونی طور پراس میں تعلیمی دلچسپی رکھتے ہیں۔ نتائج محفوظ فائلوں میں رکھے جائیں گے اور ڈیٹا بیس تک صرف ان افراد کو رسائی حاصل ہو گی۔ اسکرینر کے نتائج کو دوسرے ڈیٹا کے ساتھ استعمال کیا جائے گا تا کہ SEL کی مہارتوں کی ترقی اور ذہنی سلامتی سے آگاہ ہوا جا ئے۔ اسکرینر کے نتائج سے عملے کو، خصوصی ضروریات کے حامل طلباء کے لیئے، اصلاحات ترتیب دینے میں بھی مدد ملے گی۔ والدین اور سرپرست اسیسمنٹ کے ہر دورانیہ کے بعد SIS ParentVUE میں، اپنے بچے کے اسکرینر نتائج سے متعلق، ایک انفرادی رپورٹ موصول کریں گے۔ اسکول کا عملہ پلان کی گئی معاونت کے سلسلے میں گھرانوں کے ساتھ نتائج پر تبادلہ خیال کرنے کے لیئے، حاضر ہو گا۔

اسکول، ہر کلاس میں ٹیسٹنگ کی مخصوص تاریخیں طے کریں گے۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ SEL اسکرینر میں شرکت کرے تو براہ مہربانی درج ذیل بے دخلی کا فارم اسکول واپس بھیج دیں یا پھراپنے SIS ParentVUE اکاؤنٹ کے ذریعہ بے دخلی کا فارم مکمل کریں۔

ایف سی پی ایس میں SEL اسکرینر کے بارے میں، ایک مختصر ویڈیو اور اسکرینر سے متعلق، سوالات سمیت اضافی معلومات، SEL اسکرینر کے ویب پیج پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں .(https://www.fcps.edu/node/43892) کوئی بھی سوال ہونے کی صورت میں براہ مہربانی اپنے بچے کے اسکول کونسلر یا اسکول کے ٹیسٹ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کریں۔

فیئرفیکس کاؤنٹی کی طرف سے سماجی و جذباتی لرننگ اسکرینر - بے دخلی کی درخواست کا فارم

اگر آپ اپنے بچے کو SEL اسکرینر میں شرکت سےعلیحدہ کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی یہ فارم _____ تک، مکمل کر کے اپنے بچے کے ٹیچر کو واپس بھیج دیں۔

براہِ مہربانی یاد رکھیئے: ماسوائے ایسی صورت میں کہ آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ اس سال SEL اسکرینر میں شرکت کرے، آپ کو یہ فارم واپس بھیجنے کی ضرورت نہیں۔

بچے کا نام_____**ٹیچر**_____

والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط_____ **تاریخ**_____